پشپا پکچرز کا

پتلی

اداکاران :- سہراب مودی، نمی
رحمان، اشوریا، جیون
جانی واکر

سینما بک ڈپو کھاری باؤلی دہلی

ادبی پریس دہلی

پہلی رات کے گانے

نمبر۱۔ دلبر یہ ہوتا قابو، فوٹو کھینچ لو بابو
معشوق ہو پھر جیب میں ایسا دکھاؤں جادو
رقص پر اس کی مر جاؤ گے، پھر ایسا قابو پاؤ گے
تنہائی میں عاشق یا شوہر جو چاہو گے بن جاؤ گے۔ کیوں کیسی کہی۔
غصہ سے یہ نہ بولوگی، تیرے ہی سنگ ڈولے گی
ایک بار گلے لگ جاؤ گے، تو بھی یہ منہ نہ کھولے گی کیوں کیسی کہی۔
منہ تیرا تکے گی اس کی نظر، تو نخرے کرنا بت بن کر
چاہے تو نچانا انگلی پر، چاہے تو گرانا قدموں پر
کیوں کیسی کہی ... دلبر یہ۔

نمبر۲۔ بینا: آج چپکے سے ہو گئی نینوں سے نینوں کی بات ہو
پیا آئیں گے لیکے بارات رے، پیا لیکے بارات رے
کورس: او... او... او... ہوں... ہوں...
بینا: باجیگی شہنائی میرے انگنا، چھنکے گی پائل کھنکے گا کنگنا
مہندی رچے ہوں گے ہاتھ ہو۔ پیا آئیں گے...
کورس: او گوری پکڑی تیری چوری
بینا: بچپن سے جلکے میری جوانی پہنچے گی دوارے پی کے دیوانی
جیون کے ساتھی کے ساتھ ہو، پیا آئیں گے...

متوالے سپنوں کی گلیوں میں گھوم کے
تاروں کی گھونگھٹ میں آئے گی جھوم کے
ارمانوں کی پہلی رات ہو۔ پیا آئیں گے ...

نمبر ۳۔ بھگوان :۔ ہم ہیں کہ تم کو رونقِ محفل بنا دیا
اِک اِک ادا کو پیار کے قابل بنا دیا
خود کو تمہارے حُسن کا بسمل بنا دیا
ہم کو دعائیں دو تمہیں قاتل بنا دیا

بیلا :۔ مانا کہ ہم کو آپ نے قاتل بنا دیا
خود کو نگاہِ ناز کا بسمل بنا دیا
ہم نے بھی تم کو جینے کے قابل بنا دیا
اُلٹے دل کو تمہارے پیار دیا دل بنا دیا

بھگوان :۔ پھر بھی ہمیں نے تم کو سکھایا ادا کا ڈھنگ
نازک لبوں کو دے دیا خونِ جگر کا رنگ
دِل کو جلا کے گال پہ اِک تل بنا دیا

لولو :۔ واہ واہ کیا بات کہی ہے
بیلا :۔ آوارہ پھر رہی تھی لئے تم کو زندگی
چمیلی :۔ ہم نے ہی بڑھ کے زلف کی زنجیر ڈال دی
بیلا :۔ آنچل کی چھاؤں ڈال کے منزل بنا دیا دل کو تمہارے ..
لولو :۔ دیکھو ہمارے آگے نہ اتنا کرو غرور

چمیلی :- ٹکراؤ گے جو ہم سے تو بچ پاؤ گے حضور
بھگوان :- اپنی بہادری کی تو شہرت ہے دُور دُور
بیلا :- دامن پکڑ لیا ہے چھڑا لیجئے حضور
بھگوان :- بس مسکرا کے آپ نے بزدل بنا دیا ہمکو دعائیں دو۔

نمبر ۴۔ بینا :- بتا اے آسماں میں اب جاؤں کہاں
مجھے جانے نہیں دیتا تیرا ظالم جہاں
خوشی کی جو پاؤں مانگی تھی غم کا دریا ہی ملا مجھ کو
اجالے کی تمنا کی اندھیرا ہی ملا مجھ کو
بھٹکتا ہی رہے گا کیا یہ میرا کارواں۔ مجھے جینے۔۔۔
ہزاروں دکھ اٹھا ڈالے نہیں شکوے کئے میں نے
بہت آہوں کو روکا ہے بہت آنسو پیئے میں نے
ستم لاکھوں سہے پھر بھی نہیں کھولی زباں مجھے جینے۔۔۔
برستی ہے گھٹا غم کی، میرے ارماں جلتے ہیں
تیری جنت کے سائے میں تیرے انساں جلتے ہیں۔
کہیں آندھی کہیں طوفان کہیں پر بجلیاں مجھے جینے۔۔۔

نمبر ۵۔ کورس :- زمانہ پیار کا موسم بہار کا چھیڑ دو ترانہ مستانہ
بھگوان :- جام سے پینا ہے منع پھر بھی پینا ہے تمنا
ہم کو کیا ہم تیرے نین سے پی لیں گے
بیلا :- مستی میں لہرائے جا، ہنس کے ٹھوکر کھائے جا

چلنے والے یوں بھی پیار میں جی لیں گے

بھگوان:۔ یہ فضا یہ ہوا ٹھہرا ٹھہرا یہ نشہ

بیلا:۔ تو بلا آ گیا زندگانی کا مزا

بھگوان:۔ چاندنی رات ہے ہائے کیا بات ہے

ہوش میں نہیں ہے دیوانہ۔ جام سے پینا...

بیلا:۔ تن کہیں من کہیں یوں بہکتے ہیں قدم

بھگوان:۔ لوٹ لے ہر خوشی رہ نہ جائے کوئی غم

بیلا:۔ دل میں اُمنگ ہے آنکھوں میں رنگ ہے

جھوم کے اکھیاں ملانا

نیرا:۔ سو میری رانی، سو میری رانی، تجھ کو سناؤں ایک راجہ کی کہانی

راجہ کے کھیت میں تھا سونے کا دھان، رکھوالی کرنے گیا کلو کسان

چڑیوں نے چُگ لیا راجہ کا دھان، راجہ نے کاٹ لیا کلو کا کان

چڑیا بولی چوں... چڑا بولا چُوں سو میری رانی...

بلا بیاہ کو چلا شیر کی لوتی، چوہے باراتی چلے باندھ کے دھوتی

کسی کی دم لمبی تھی کسی کی چھوٹی، شیر کے گھر پکی تھی موٹی سی روٹی

خوب کھائی روٹی تو کھل گئی دھوتی، چوہا بولا جاؤں بلا بولا میاؤں سو

اینوں کا آج لیتا کوئی نہیں نام، مینڈک چاپ چاپ نکلے کو آ بولا کھاؤں

مینڈک بندوق لئے گھومے سارا دن، چیونٹی نے کھینچ لیا ہاتھی کا پاؤں

ہاتھی گرا دھم، کہانی ختم سو میری رانی سو میری رانی

نمبر ۱۔ رُک رُک چمکے جُھک جُھک چمکے کیوں ساری محفل پے

او بیِنا بادل کے بجلی، آ گر جا میرے دل پے رُک رُک ...

ذرا ذرا شعلہ بھڑکے، ذرا ذرا ہر دل دھڑکے یہاں سے وہاں

آ لہراتی یوں بل کھاتی رہ جائے دُنیا جل کے او بن بادل ...

چمک دمک دکھلاتی چل، دبے دبے شرماتی چل

کھلے کھلے مسکاتی چل یہی ہے سماں یہی تو ہے موسم ہائے

یہی تو ہے موسم یہی ہے زمانہ ہنس دے ہنس دے کُھل کے او بن ...

چھپا کے دو نیناں کا سے، کدھر چلی گھونگھٹ ڈالے

ہم ہیں نگاہوں والے چھپے گی کہاں، تو بھی ہے بجلی میں بھی ہوں بادل

ڈول ذرا ہل مل کے او بن بادل ...

نمبر ۲۔ نندا:۔ کیوں دل ہم کو دے ڈالا جناب کہئے

راجن:۔ جی میں تو ہوں دیوانہ پہلے آپ کہئے

نندا:۔ اجی کیا ہمیں پتہ یہ کیسی چھائی گھٹا ترے نینوں میں خمار کی

راجن:۔ کہہ بھی ڈال دلدار کرے بات یہ بہار کہیں پہلے پہلے پیار کی

نندا:۔ کیا کہوں میں ان باتوں کا جواب کہئے تم تو ایک نہ کہو جی

چپ چاپ ہی رہو سنتے جاؤ جھوم جھوم کے


راجن:۔ جیا آج یہ کہے کہ یوں دیکھتا ہے میرا پیار گھوم گھوم کے

نندا:۔ کیا یہی تمہارا افسانہ کبھی کھول کے جیا کہہ ڈالو گی پیا تو تیرا میرا ساتھ ہے

راجن:۔ جلدی کیجئے ذرا جی کوئی فیصلہ میرا الجھانی بری بات ہے

نندا:۔ تو کیا ہے دل سے دل کا جناب کہئے کیوں دل ہم کو ...

ایک ہزار روپیہ کی گھڑیاں مفت انعام



ہمارے مشہور بال کالا تیل نمبر ۵۱۰ کے استعمال سے سفید بال کالے ہو جاتے ہیں اور پھر کالے ہی پیدا ہوتے ہیں یہ بے نظیر سنیاسی تحفہ ہے سوائے ہمارے دوسری جگہ نہ ملیگا گرتے ہوئے بالوں کو روکتا ہے بالوں کو لمبا گھنگریالے اور چمکدار بناتا ہے گنجہ پن دور کرتا ہے آنکھوں اور دماغ کو طاقت دیتا ہے یادداشت بڑھاتا ہے۔ نہایت خوشبودار ہے قیمت فی شیشی صرف ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ دو آنہ الگ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپے اس تیل کو مشہور کرنے کیلئے ہر ایک شیشی کے ہمراہ دو فیشنی خوبصورت رسٹ واچ اور دو انگوٹھی سونا لندن نیو گولڈ مفت بطور انعام بھیجی جاتی ہیں مال پسند نہ ہونے پر دام واپس کئے جاتے ہیں تین شیشی کے خریدار کو ڈاک خرچ معاف اور چھ عدد گھڑیاں اور چھ انگوٹھیاں سونا لندن نیو گولڈ مفت انعام جلدی کیجئے ورنہ ایسا موقعہ ہاتھ نہ آئیگا۔

اصلی جوہر حسن

ہماری مشہور دوائی اصلی جوہر حسن کے لگانے سے ہر جگہ کے بال بغیر تکلیف دور ہو جاتے ہیں اور پھر دوبارہ اس جگہ بال پیدا نہیں ہوتے جگہ ریشم کی طرح ملائم نرم اور صاف ہو جاتی ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ بارہ آنے ڈاک خرچ ایک روپیہ دو آنے الگ تین شیشی کی رعایتی قیمت پانچ روپے۔ اس دوائی کو مشہور کرنے کیلئے ہر شیشی کے ہمراہ دو انگوٹھی سونا لندن نیو گولڈ مفت اور خوبصورت نیو رسٹ واچ مفت بھیجی جاتی ہیں جلدی کریں اور فائدہ حاصل کریں نہ پسند ہونے پر قیمت واپس۔ تین شیشی کے خریدار کو ڈاک خرچ معاف چھ گھڑیاں اور چھ انگوٹھیاں سونا لندن نیو گولڈ مفت انعام دی جاتی ہیں۔

شائننگ فارمیسی (M. 3) جالندھر شہر (پنجاب)